کل نمبر:25 اُردو (ہشتم) ٹیسٹ نمبر 1 وقت:30 منٹ

چوتھا مہینا، چوتھا ہفتہ، چھٹا دن	**سلیبس:** ماہانا ٹیسٹ (چوتھا مہینا)

(حصہ اوّل)

سوال نمبر1: درج ذیل میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ (13)

1۔ ہاکی کی لمبائی ہوتی ہے:

(الف)	۸۰ سے ۹۵ سینٹی میٹر	(ب)	۸۵ سے ۱۰۰ سینٹی میٹر
(ج)	۷۵ سے 85 سینٹی میٹر	(د)	۱۰۱ سے ۱۱۰ سینٹی میٹر

2۔ ہاکی کے کھیل میں استعمال ہونے والی گیند کا رنگ ہوتا ہے:

(الف)	کالا	(ب)	سفید	(ج)	سبز	(د)	نیلا

3۔ پاکستان اب تک اولمپک مقابلوں میں سونے کا تمغا لے چکا ہے:

(الف)	چھے مرتبہ	(ب)	پانچ مرتبہ	(ج)	تین مرتبہ	(د)	چار مرتبہ

4۔ خاص طور پر شکنجبین کا استعمال زیادہ ہوجاتا ہے:

(الف)	خزاں میں	(ب)	بہار میں	(ج)	سردی میں	(د)	گرمی میں

5۔ دیکھتے ہی دیکھتے کالے اور سیاہ بادلوں کے ٹکڑے تیرنے لگتے ہیں:

(الف)	آسمان پر	(ب)	پہاڑ پر	(ج)	وادی پر	(د)	صحرا پر

6۔ سعودی عرب اور دبئی میں سارا سال رہتی ہے:

(الف)	سردی	(ب)	گرمی	(ج)	بہار	(د)	خزاں

7۔ وہ اسم جو کسی آواز کو ظاہر کرنے کے لیے استعمال کیا جائے، کہلاتا ہے:

(الف)	اسم جنس	(ب)	اسم مصدر	(ج)	اسم صوت	(د)	اسم جمع

8۔ حکیم سعید کو اعزاز ملا:

(الف)	ستارۂ جرأت	(ب)	نشانِ امتیاز	(ج)	نشانِ حیدر	(د)	ستارۂ امتیاز

9۔ دُرست تلفّظ والا لفظ ہے:

(الف)	مَ۔طَب	(ب)	مط۔ب	(ج)	م۔ط۔ب	(د)	تمام دُرست

10۔ حکیم سعید کو شہید کر دیا گیا:

(الف)	۱۹۹۷ء میں	(ب)	۱۹۹۸ء میں	(ج)	۱۹۹۹ء میں	(د)	۱۹۹۵ء میں

☆ درج ذیل عبارت پڑھ کر سوال نمبر 11، 12 اور 13 کے جواب دیں۔

حکیم محمد سعید ۹ رجنوری ۱۹۲۰ء کو ہندوستان کے شہر دہلی میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد ماجد حکیم عبدالمجید نے ایک دواخانہ ''ہمدرد'' کے نام سے قائم کر رکھا تھا۔ آپ کی والدہ رابعہ بیگم دین دار اور اصولوں کی پابند خاتون تھیں۔ محمد سعید اپنے پانچ بہن بھائیوں میں سب سے چھوٹے تھے۔ آپ کے والد محترم بہترین حکیم تھے۔ اُن کی عمر ابھی صرف ۳۹ برس ہی تھی کہ اُن کا انتقال ہوگیا۔ اپنے والد کے انتقال کے وقت محمد سعید کے عمر صرف اڑھائی برس تھی۔

11۔ مندرجہ بالا عبارت کس سبق سے لی گئی ہے؟

(الف)	تبسم کے پھول	(ب)	قدرتی آفات	(ج)	حکیم محمد سعید شہید	(د)	مناظرِ پاکستان

12۔ والد کے انتقال کے وقت حکیم محمد سعید کی عمر تھی:

(الف)	۲ برس	(ب)	اڑھائی برس	(ج)	تین برس	(د)	چار برس

13۔ بہن بھائیوں میں حکیم سعید کا نمبر تھا:

(الف)	آخری	(ب)	پہلا	(ج)	دوسرا	(د)	تیسرا

حصہ دوم اور سوم میں سے ایک ایک سوال پوچھا جائے گا۔ تمام سوالات لازمی ہیں ہر سوال کے 6 نمبر ہوں گے۔ (کل نمبر 12)

(حصہ دوم)

سوال نمبر1: ''کفایت شعاری'' یا ''برسات کا موسم'' کے عُنوان پر مضمون لکھیں۔

سوال نمبر2: ''بابر کی دلیری'' یا ''سانچ کو آنچ نہیں'' کے عُنوان پر کہانی لکھیں۔

(حصہ سوم)

سوال نمبر1: چھوٹے بھائی کو دِل لگا کر پڑھنے کی تلقین کرنے کے لیے خط لکھیں۔

سوال نمبر2: ایس۔ڈی۔او صاحب (واپڈا) کے نام سٹریٹ لائٹس کے بہتر انتظام کے لیے درخواست لکھیں۔

1